## 37649 ـ روزے كب فرض ہوئے ؟

### سوال

مسلمانوں پر روزے کس سال فرض کیے گئے ؟

### پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

رمضان المبارک کے روزے دو ھجری میں فرض کیے گئے ، اورنبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی زندگي میں نوبرس رمضان المبارک کے روزے رکھے ۔

امام نووی رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں :

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نورمضان المبارک کے روزے رکھے ، اس لیے کہ ھجرت کے دوسرے سال شعبان میں رمضان المبارک کے روزے فرض ہوئے تھے اورنبی صلی اللہ علیہ وسلم گیارہ ہجری ربیع الاول کے مہینے میں فوت ہوئے تھے اھ ۔ دیکھیں المجموع ( 6 / 250 ) ۔

واللہ اعلم .